رہبر معظم نےحجۃ الاسلام معزی کو ہلال احمر میں اپنا نمائندہ مقرر کیا - 4 /Jan/ 2015

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی امام خامنہ ای نے اپنے ایک حکم میں حجۃ الاسلام والمسلمین جناب حاج شیخ عبد الحسین معزی کو اسلامی جمہوریہ ایران کے ہلال احمر میں ولی فقیہ کا نمائندہ مقرر کیا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے حکم کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جناب حجت الاسلام آقائ حاج شیخ عبد الحسین معزی دامت توفیقاتہ

دلسوز و خدمتگزار عالم دین جناب حجۃ الاسلام آقائ غیوری کے انتقال اور فقدان کے پیش نظر جنھوں نے کئی برسوں تک اسلامی جمہوریہ ایران کے ہلال احمر میں فراواں خدمات سرانجام دیں ، جناب عالی کے ثقافتی اور مادی محرومیت کے سلسلے میں احساس ذمہ داری ، شائستگی اور ممتاز صلاحیت کے پیش نظر جناب عالی کو ہلال احمر میں اپنا نمائندہ مقرر کرتا ہوں ۔

قدرتی آفات اور حوادث میں خستہ جانوں کو آرام پہنچانے ، بلند اہداف و مقاصد کے لئے خود اعتمادی کے جذبہ کو فروغ دینے ، غمزدہ افراد کی آسائش کے لئے وسائل فراہم کرنےاور قومی، مذہبی اور جغرافیائی حدود سے بالا تر رہ کر خدمات پیش کرنے کے لئے ہلال احمر کی تاسیس کی گئی ہےجو اسلامی تعلیمات اور دین مبین اسلام کے احکام کے مطابق ہے۔

ہلال احمر کی فراواں معنوی اور مادی ظرفیتوں اور اہمیت کے پیش نظر اور جناب عالی کے تعہد اور توانائیوں کے سلسلے میں آگاہی کے مد نظر توقع کی جاتی ہے کہ ہلال احمر سے متعلق اراکان کے مجموعہ بالخصوص جوانوں کے امور پر نگرانی اور ہدایت ، ان گرانقدراور حیات بخش تعلیمات کے فروغ ، اور قدرتی آفات اور حوادثسےمتاثرہ افراد کو خدمات بہم پہنچانے کے نیک کام میں ایک دوسرے پر پیشقدمی اور تعاون نیز ہلال احمر میں دوسری ذمہ داریوں کو ایفا کرنے میں ہمت سے کام لیں۔

اللہ تعالی کی بارگاہ سے جناب عالی اور ہلال احمر کے تمام حکام کے لئے اس ادارے کے اعلی اہداف کو آگے بڑھانے کے لئے توفیق طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

14/دیماہ / 1393